20/05/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ لیفٹنٹ گورنر نے یونیفائیڈ ہیڈ کواٹرس کی میٹنگ میں جموںو کشمیر کی موجودہ سلامتی صورتحال کے علاوہ شری امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں سکیورٹی انتظامات کا لیا جائزہ ۔

*........وزیر اعلیٰ کا دورہ گاندربل//متعدد پروجیکٹوں کو کیا قوم کے نام وقف۔

*........ آپریشن سندور کی کامیابی پر ترنگا ریلیوں کاسلسلہ جا ری۔

اور

*........ کھیلو انڈیا بیچ گیمز کے پہلے شمارے کا آغاز۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میںآج راج بھون سرینگر میں یونیفائڈ ہیڈ کواٹرس کی میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران جموںو کشمیر کی موجودہ سلامتی صورتحال اور آنے والی شری امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں انتظامایات کا جائزہ لیا۔

ایل جی نے آپریشن سندور کے دوران بہادری کے ساتھ کام کرنے کےلئے آرمڈ فورسز، سکیورٹی ایجنسی اور جموںو کشمیر پولیس کو مبارکباد دی ہے۔ انہوںنے سلامتی ایجنسی پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کی بنیادی ڈھانچے کو ختم کرنے کےلئے انٹلی جنسی پر مبنی آپریشن عمل میں لائیں۔

انہوں نے 3جولائی سے شروع ہونے والی شری امر نا تھ جی یاترا کے لئے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک پُر امن اور محفوظ یاترا کو یقینی بنانے کے لئے متعلقہ ایجنسیوں کو باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنا چاہئے۔

نلین پربھات اور DGPمیٹنگ میں ناردرن آرمی کمانڈر ، لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج گاندربل ضلعے کا دورہ کر کے وہاں عوامی نوعیت کے متعدد پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور کئی ایک کو قوم کے نام وقف کیا۔

وزیر اعلیٰ نے باکورہ میں ایک واٹر سپلائی سکیم کا افتتاح کیا۔ اس سکیم کی بدولت علاقے کی ایک بڑی آبادی کو پینے کا صاف پانی فراہم ہو گا۔ پاندچھ میں وزیر اعلیٰ نے ایک اولڈ ایج ہوم کا افتتاح کیا۔

صفا پورہ میں عمر عبداللہ نے گورنمنٹ کالج آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے سائنس بلاک کا افتتاح کیا۔ انہوں نے گاندر بل میں ویٹنری اسپتال کا سنگ بنیاد رکھا۔ مختلف مقامات پر انہوںنے مقامی لوگوں کے ساتھ بھی بات چیت کی۔

وزیر اعلیٰ نے انہیں یقین دلایا کہ عام لوگوں کے معیار حیات میں بہتری لانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔ انکے ہمراہ کابینی وزراءسکینہ ایتو، جا ویدڈار اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی تھے۔

عمر

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تولہ مولہ گاندر بل میں ما تا کھیر بھوانی مندر کا بھی دورہ کیا اور وہاں آنے والے میلہ کھیر بھوانی کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے کہا کہ شردھالووں کےلئے ایک ساز گار ماحول قائم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

ترنگا ریلی

آپریشن سندور کے دوران فوج کی کامیابیوں کو اُجا گر کرنے کے لئے امرتسر میں آج بی جے پی قومی جنرل سیکریٹری ترن چگ کی قیادت میں ایک بڑی ریلی نکالی گئی۔

ادھر سرینگر میں بھی بی جے پی اقلیتی مورچے کی طرف سے ایک ترنگا ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ شرکاءنے اس موقعے حب الوطنی اور بھارتی فوج کے حق میں نعرے بلند کئے۔

کانگریس

جمو ں میں پردیش کانگریس کمیٹی کے سربراہ طارق حمید قرہ کی قیادت میں آج جئے ہند یاترا کا انعقاد کیا گیا۔ یہ یاترا شہیدی چوک سے شروع ہوکر اندرا چوک میں اختتام پذیر ہوئی۔

انہوں نے آپریشن سندور کے دوران بھارتی فوج کے بہادری اور عزم کی ستائش کی۔

پرم ویر چکر

آپریشن سندور کی کامیابی پر قوم، ہتھیار بند فوج کو خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز نے بھی بہادر فوجی جوانوں کو خراج پیش کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

آج ہم پرم ویرچکر ایوارڈ یافتہ میجر نائب صوبیدار بانا سنگھ کو یادکر رہے ہیں۔

پیش ہے ہمارے دلی کے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

سندور

اپریل کے پہلگام حملے کے رد عمل میںبھارت نے جو آپریشن سندور عمل میں لایا، اُس کی کامیابی پر سماج 22 کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے الگ الگ انداز میںاپنے خیالات کااظہار کیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے جموں کے ایک شہری نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

سندور پونچھ

فوج کی پونچھ برگریڈ نے آپریشن سندور کے دوران نمایاں رول ادا کر کے لائن آف کنٹرول پر پاکستان کی بلا جواز فائرنگ کا بھر پور جواب دیا ۔

مہاجن نے کہا -Mudit آج ایک پریس کانفرنس کے دوران پونچھ برگریڈ کے کمانڈر برگریڈئیر

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

عالمی دن

آج ناپ تول کا عالمی دن ہے۔اس دن کی اہمیت کے بارے میں کنٹرولر لیگل میٹرولوجی جموںو کشمیر انورادھا گپتا نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

مدھو مکھیاں

آج مدھو مکھیوں کا عالمی دن ہے۔ اس دن کی افادیت کے حوالے سے ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر سینٹرل کشمیر ڈاکٹر قاضی شوکت اشرف نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

وحید جیلانی

کشمیر میوزک کلب کے چیرمین وحید جیلانی نے ملک کی اعلیٰ قیادت سے اپیل کی ہے کہ و ہ کشمیر میں سیاحت سیکٹر کو دوبارہ پٹری پر لانے کےلئے فوری اقدامات کریں۔

کھیلو انڈیا

میں ہو گیا ہے۔ کھیل کود کے مرکزی وزیر Diu بیچ Ghoghla کھیلوانڈیا بیچ گیمز کے پہلے شمارے کا آغاز منسکھ منڈاویا نے کل ایک رنگا رنگ تقریب کے دوران ان کھیلوں کا رسمی طور آغاز کیا۔

ان کھیلوں میں30ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے1ہزار350 سے زائد ایتھلیٹ شرکت کر رہے ہیں۔ اس موقعے پر کھیل کود کے وزیر نے کہا۔

کھیل کود

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سپورٹس سیکٹر میں ہا تھ میں لئے گئے تمام پروجیکٹوں کی تیز تر اور موثر عمل آوری کو یقینی بنائیں۔

سرینگر میں یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمے کی ایک جائزہ میٹنگ میں انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو ہمارے سماج میں کلیدی اہمیت حاصل ہے۔

چیف جسٹس

جموںوکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس ارون پالی نے آج ڈسڑکٹ کورٹ سرینگر کا دورہ کر کے ان عدالتوں کے بنیادی ڈھانچے اور انتظامی کام کاج کا جائزہ لیا۔

سرینگر ضلعے کے انتظامی جج، جسٹس سنجیو ورما بھی چیف جسٹس کے ہمراہ تھے۔

بی جے پی

بھارتی جنتا پارٹی جموںو کشمیر کے ایک وفد نے آج ضلعے میں سرحد پار کی شیلنگ سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے زمینی صورتحال کا جائزہ لیا۔

انہوننے متاثرین کو انتظامیہ کے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔ وفد میں اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما اور کئی دیگر لیڈر شامل تھے۔

روویندر رینہ

بی جے پی کے سینئر لیڈر روویندر رینہ نے پارٹی کے کچھ دیگر لیڈروں کے ہمراہ نوشہرہ سیکٹر میں لائن آف کنٹرول پر مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں سرحد پار کی شیلنگ سے متاثرین کے ساتھ ملاقات کی۔

انہوں نے لوگوں کو مرکزی حکومت کے بھر پور تعاون کا یقین دلایا۔

سنجے جاجو

اطلاعات و نشریات کے سیکریٹری سنجے جاجو نے آکاشوانی ہیڈ کواٹر نئی دلی کا دورہ کر کے وہاں افسروں اور ملازمین کے ساتھ بات چیت کی۔

انہوں نے" ایک پیڑ ماں کے نام" پہل کے تحت آکاشوانی کے احاطے میں ایک پودا بھی لگایا۔

اس موقعے پر آکاشوانی اور آکاشوانی نیوز کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گور بھی موجود تھیں۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج کولگام میں ایک تقریب کے دوران کہا کہ این سی کی قیادت والی سرکار لوگوں کی مشکلات کو حل کرنے کےلئے تندہی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کےلئے روزگار کے مواقعے پیدا کرنا، اقتصادی بدحالی کو دور کرنا اور ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب کرانا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

دریں اثناءنیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے تیز ہواؤں کی وجہ سے وادی کے مختلف علاقوں میں ہوئے جانی نقصان پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔

پولیس

پولیس نے فرستہ بل پانپور میں// پاکستان میں مقیم اویس فیروز میر نامی ملی ٹینٹ کی دو مرلہ اراضی کو اٹیچ کر دیا ہے۔

اسی طرح پولیس نے پاکستان مینمقیم سوپور کے ارشد احمد تیلی، فردوس احمدڈار اور نذیر احمد ڈار نامی ملی ٹینٹوں کی29مرلہ اراضی کو اٹیچ کیا ہے۔

اینٹی کورپشن بیورو جموں نے کچھ لوگوں کے حق میں سرکاری زمین، وضع کئے گئے قوانین کی پاسداری نہ کر تے ہوئے الاٹ کرنے کی پاداش میں ساوتھ جموں کے اُس وقت کے تحصیلدار روویندر شرما، باہو جموں کے اُس وقت کے تحصیلدار محمد بشیر، باہو جموں کے اُس وقت کے نائب تحصیلدار محمد سرور لون اور چواڈی جموں کے اُس وقت کے پٹواری محمد رشید ملک کے خلاف باضابطہ طور ایک کیس درج کیا گیا ہے۔

بھنگ

ایکسائز محکمے نے مین ٹاون اننت ناگ میں بھنگ کی کاشت کو ختم کرنے کےلئے مختلف محکموں، مقامی لوگوں اور ارکان قانون سازیہ کے اشتراک سے ایک بڑی مہم کا آغاز کیا ہے۔

**تقریب**

**بارڈر سکیورٹی فورسز نے پنجاب سرحد پر تمام تین مشترکہ چک پوسٹس پر ریٹریٹ سرمنی آج سے دوبارہ شروع کی ہیں۔**

**بی ایس ایف کے مطابق آج کی تقریب صرف میڈیا افراد کے لئے ہو گی جبکہ عام لوگ کل سے اس تقریب میں شامل ہو سکتے ہیں۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31اعشاریہ 4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14اعشاریہ 9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40اعشاریہ8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت25اعشاریہ5ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر26 اور**

**غروب آفتاب شام7بجکر30منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ**

**..................................................**

**................................**

**............**

**...**